e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
روزنامہ
# اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 24 , Issue, 135 Friday , February 14 2025 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۴) شمارہ نمبر(۱۳۵) لکھنؤ، بروز جمعہ ۱۴-فروری ۲۰۲۵ء، مطابق ۱۵/شعبان المعظم -۱۴۴۶ھ صفحات-۸

### اعظم خان اور ان کے بیٹے عبداللہ اعظم کو سپریم کورٹ سے راحت

نئی دہلی۔ اتر پردیش کے سابق وزیر اور سماجوادی پارٹی کے سینئر لیڈر اعظم خان اور ان کے بیٹے عبداللہ اعظم خان کو سپریم کورٹ نے اہم کیس میں راحت دی ہے۔ ایک چوری کے معاملہ میں دونوں کی درخواست ضمانت منظور کر لی گئی ہے۔ الزام ہے کہ انہوں نے رامپور ضلع کے نگراں بلدیہ کے ذریعہ خریدی گئی سڑک صاف کرنے والی مشین کو چوری کیا تھا۔ یہ مشین بعد میں اعظم خان کی جوہر یونیورسٹی سے برآمد ہوئی تھی۔ یہ معاملہ 2022 میں سامنے آیا تھا جب اعظم خان، ان کے بیٹے عبداللہ اور دیگر افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ان پر الزام تھا کہ انہوں نے چوری کی گئی مشین کو یونیورسٹی میں چھپایا۔

### انکم ٹیکس بل لوک سبھا میں پیش کیا گیا، سلیکٹ کمیٹی کو بھیجا گیا

نئی دہلی۔ انکم ٹیکس بل 2025 جمعرات کو لوک سبھا میں پیش کیے جانے کے بعد اسے جائزہ اور سفارش کے لیے سلیکٹ کمیٹی کے پاس بھیجا گیا۔ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے اس بل کو ایوان میں پیش کرنے اور اسے سلیکٹ کمیٹی کو بھیجنے کی تجویز پیش کی، جس کے لیے ایوان نے صوتی ووٹ سے منظوری دی۔ وزیر خزانہ نے بل پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ تجویز کرتی ہیں کہ لوک سبھا کے اسپیکر کو اس بل کے سلسلے میں ایک سلیکٹ کمیٹی تشکیل دینی چاہیے اور کمیٹی کے لیے شرائط و ضوابط طے کیے جائیں۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ کمیٹی آئندہ اجلاس کے پہلے دن اپنی رپورٹ ایوان میں پیش کرے۔

وقف ترمیمی بل

# ہنگامہ کے درمیان جے پی سی کی رپورٹ پارلیمنٹ میں پیش

## رپورٹ سے 'اختلافی نوٹ' ہٹانے کا الزام، ایوان سے حزب اختلاف کے اراکین نے کیا واک آؤٹ

### اختلافی تبصرے حذف کر کے رپورٹ پیش کی گئی ہے، ایسی فرضی رپورٹ کو ہم نہیں مانتے: کھڑگے، آپ کو جو بھی جوڑنا ہے جوڑیے کوئی اعتراض نہیں ہے: امت شاہ



نئی دہلی۔ جے پی سی کی رپورٹ پارلیمنٹ میں بجٹ اجلاس کے پہلے مرحلے کے آخری دن پیش کی گئی۔ اس دوران اپوزیشن نے اختلاف رائے کو ہٹانے پر ہنگامہ کیا۔ پھر ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔ اپوزیشن کے ہنگامہ کے درمیان یہ بل ایوان زیریں میں پیش کیا گیا، حالانکہ اس رپورٹ پر ہنگامہ کے علاوہ زیادہ کچھ بیان لوک سبھا اراکین کو دینے کا موقع نہیں ملا۔ اپوزیشن کے ذریعہ رپورٹ سے ڈیسینٹ نوٹ (اختلافی نوٹ) ہٹائے جانے پر مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے چند جملے ضرور کہے، لیکن مزید کچھ باتیں سامنے نہیں آئیں۔ جے پی سی رپورٹ کمیٹی کے چیئرمین جگدمبیکا پال نے لوک سبھا میں 'بھارت ماتا کی جے' نعرہ بلند کرتے ہوئے پیش کی۔ دیگر بی جے پی اراکین بھی یہ نعرہ لگاتے ہوئے نظر آئے، جبکہ اپوزیشن اراکین اس رپورٹ پر اپنی ناراضگی ظاہر کر رہے تھے۔ اس درمیان مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ناراض اراکین سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ "آپ کو جو بھی جوڑنا ہے جوڑیے، ہماری پارٹی کو کسی طرح کا اعتراض نہیں ہے۔" علاوہ ازیں لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ "کچھ لوک سبھا اراکین نے مجھ سے ملاقات کی تھی۔ ان کے ڈیسینٹ نوٹس کو انیکسر میں شامل کر لیا گیا ہے۔" اپوزیشن اراکین اس سے مطمئن نہیں ہوئے اور ہنگامہ آرائی کرتے رہے۔ اس کے بعد اپوزیشن اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔

آج پارلیمنٹ میں رواں اجلاس کے آخری کام والے دن اپوزیشن کا زوردار ہنگامہ دیکھنے کو ملا۔ ایک طرف ہنگامہ کی وجہ سے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے ایوان زیریں کی کارروائی 2 بجے تک ملتوی کرنے کا حکم صادر کر دیا، اور دوسری طرف راجیہ سبھا میں ہنگامے کے درمیان ہی 'وقف (ترمیمی) بل 2024' سے متعلق جے پی سی کی رپورٹ پیش کر دی گئی۔ کچھ دیر کے لیے راجیہ سبھا کی کارروائی بھی ملتوی کرنی پڑی، لیکن پھر 11.20 بجے کارروائی شروع ہو گئی اور ایوان بالا میں حزب اختلاف کے قائد ملکارجن کھڑگے نے جے پی سی رپورٹ پر اپنی رائے رکھی۔ ملکارجن کھڑگے نے جے پی سی رپورٹ پر اپنی بات رکھتے ہوئے کہا کہ "وقف بل پر ہمارے کئی اراکین نے اختلافی نوٹ دیے ہیں۔ ان کو کارروائی سے نکالنا غیر جمہوری ہے۔ جتنے لوگوں نے اختلافی نوٹس دیے ہیں، کیا ان میں سے کوئی پڑھا لکھا نہیں ہے۔ آپ کو اسے اپنی رپورٹ میں ڈالنا چاہیے۔ اس کو ڈیلیٹ کر کے آپ رپورٹ دے رہے ہیں۔ ایسی فرضی رپورٹ کو ہم نہیں مانتے۔ ایوان اسے کبھی نہیں مانے گا۔" کھڑگے نے راجیہ سبھا چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ ہدایت دیجیے کہ اپوزیشن اراکین کے سبھی اختلافی نوٹس کو شامل کر کے رپورٹ کریں۔ جو اسٹیک ہولڈرس نہیں ہیں، ان کو باہر سے بلا بلا کر ان کے نظریات شامل کیے گئے ہیں۔ اپوزیشن اراکین اپنی فیملی کے نہیں بلکہ پورے سماج کے لیے پریشان ہوتے ہیں۔

اس سے قبل راجیہ سبھا میں جے پی سی رپورٹ پر خوب ہنگامہ دیکھنے کو ملا۔ حزب اختلاف اور برسر اقتدار طبقہ کے اراکین ایک دوسرے پر ملک کو گمراہ کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے دیکھے گئے۔ مرکزی وزیر کرن رجیجو نے اپوزیشن پر حملہ کرتے ہوئے کہا کہ رپورٹ سے کچھ بھی ڈیلیٹ نہیں کیا گیا ہے، جبکہ کانگریس رکن پارلیمنٹ ناصر حسین نے اس بیان کو پوری طرح سے غلط اور جھوٹ ٹھہرایا۔ انھوں نے راجیہ سبھا میں کہا کہ اقلیتی امور کے وزیر کرن رجیجو ایوان کو گمراہ کر رہے ہیں۔ انھوں نے واضح لفظوں میں کہا کہ "میرا ہی اختلافی نوٹ تھا، جو اس رپورٹ میں شامل نہیں ہے۔ یہ پبلک ڈومین میں ہے۔ اسے میں ثابت کر دوں گا۔ یہ رپورٹ فرضی ہے، ان کو واپس کرنا چاہیے۔"

ڈی ایم کے، کے تروچی شیوا نے قاعدہ 274 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی رپورٹ ایوان میں اختلافی نوٹ کے ساتھ ہی پیش کی جا سکتی ہے۔ عام آدمی پارٹی کے سنجے سنگھ نے کہا کہ میں کمیٹی کا ممبر ہوں، آپ ہم سے اتفاق یا اختلاف کر سکتے ہیں لیکن آپ ہماری بات کو رپورٹ سے باہر کیسے نکال سکتے ہیں۔ آج آپ وقف کی ملکیتوں پر قبضہ کر رہے ہیں، کل آپ گرودوارہ، چرچ اور مندر کی ملکیت پر قبضہ کریں گے۔" اس رپورٹ سے متعلق تروچی شیوا نے اپنی بات رکھتے ہوئے کہا کہ جو اراکین کمیٹی میں ہوتے ہیں، ان کی نااتفاقی کو لے کر اختلافی نوٹ کے ساتھ رپورٹ پیش کرنے کا اصول ہے۔ حالانکہ اس رپورٹ کو پیش کرتے وقت اس اصول پر عمل نہیں کیا گیا۔ جے پی سی رپورٹ میں اختلافی نوٹ شامل نہیں کیے جانے سے متعلق پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے اپنی بات ایوان بالا میں رکھی۔ انھوں نے کہا کہ اس بل میں سبھی چیزیں موجود ہیں، کچھ بھی ڈیلیٹ نہیں کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ اپوزیشن اس طرح کی بات کر ایوان کو گمراہ نہ کرے، کیونکہ رپورٹ اصولوں کے مطابق ہی تیار کی گئی ہے۔ کرن رجیجو نے اپوزیشن کے سبھی الزامات کو جھوٹ پر مبنی قرار دے دیا۔

بھارتیہ جنتا پارٹی کے بھوپیندر یادو نے کہا کہ قاعدہ 274 قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کے لیے ہے۔ سلیکٹ کمیٹی کا طریقہ کار رول 72 سے 94 میں بیان کیا گیا ہے اور اس میں چیئرمین کو اختیار دیا گیا ہے کہ اگر چیئرمین کو لگتا ہے کہ اختلافی نوٹ قواعد کے خلاف ہیں تو انہیں ہٹایا جا سکتا ہے۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ رپورٹ سے کچھ بھی نہیں ہٹایا گیا ہے اور ایوان کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ رپورٹ کی تیاری میں کسی اصول کی خلاف ورزی نہیں کی گئی۔ تمام اختلافی نوٹ رپورٹ میں ہیں اور ایوان کو غلط معلومات دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب رپورٹ پیش کی جاتی ہے تو اس پر بحث بعد میں ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کمیٹی کے چیئرمین سے بات کی ہے اور رپورٹ سے کوئی حصہ حذف کیے بغیر اسے پیش کیا گیا ہے۔ آج بحث کا موقع نہیں ہے۔ ترنمول کانگریس کے ساکیت گوکھلے نے پوچھا کہ اختلافی نوٹ کے کچھ حصے کیوں ہٹائے گئے؟

# منی پور میں صدر راج نافذ

### کانگریس نے بی جے پی پر ریاست کو تباہ کرنے کا الزام عائد کیا

امپھال: منی پور میں جاری نسلی تشدد، سیاسی عدم استحکام اور نظم و نسق کی بگڑتی صورتحال کے پیش نظر ریاست میں صدر راج نافذ کر دیا گیا ہے۔ سپریم کورٹ نے حالیہ سماعت میں منی پور میں آئینی مشینری کی مکمل ناکامی پر سخت تبصرہ کرتے ہوئے اسے ایک سنگین بحران قرار دیا تھا، جس کے بعد مرکزی حکومت نے یہ فیصلہ لیا۔ منی پور میں مئی 2023 سے میتئی اور کوکی برادریوں کے درمیان شدید فسادات جاری ہیں، جن میں اب تک 300 سے زائد افراد ہلاک اور 60000 سے زیادہ بے گھر ہو چکے ہیں۔ بی جے پی کی قیادت والی ریاستی حکومت پر الزام عائد کیا جا رہا تھا کہ وہ حالات پر قابو پانے میں ناکام رہی ہے۔ کانگریس سمیت اپوزیشن جماعتیں مسلسل وزیر اعلیٰ این بیرین سنگھ کی برطرفی کا مطالبہ کر رہی تھیں، جنھوں نے چند روز قبل گورنر اجے بھلا کو اپنا استعفیٰ پیش کر دیا تھا۔

کانگریس کے سینئر رہنما جے رام رمیش نے صدر راج کے نفاذ پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ "کانگریس گزشتہ 20 مہینوں سے اس کا (صدر راج) مطالبہ کر رہی تھی۔ صدر راج اس وقت نافذ کیا گیا جب ریاست میں آئینی مشینری مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے۔ بی جے پی نے منی پور کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ریاست کی سنگین صورتحال کے باوجود کوئی قدم نہیں اٹھایا۔" بیرین سنگھ نے ایسے وقت میں استعفیٰ دیا جب ان کے خلاف سپریم کورٹ میں ایک آڈیو کلپ کی فارنزک جانچ کا معاملہ زیر سماعت ہے۔ مبینہ طور پر اس کلپ میں وہ میتئی گروپوں کو سرکاری اسلحہ اور گولہ بارود لوٹنے کی اجازت دینے کی بات کرتے سنے گئے تھے۔

### امانت اللہ خان کو عدالت سے راحت، گرفتاری پر لگائی روک

نئی دہلی: دہلی کے اوکھلا سے عام آدمی پارٹی (عآپ) کے رکن اسمبلی امانت اللہ خان کو جمعرات (13 فروری) کو عدالت سے بڑی راحت حاصل ہوئی۔ دہلی کے راؤز ایوینیو کورٹ نے ان کی گرفتاری پر 24 فروری تک روک لگا دی۔ امانت اللہ خان پر جامعہ نگر میں پولیس ٹیم پر حملہ کرنے کا الزام ہے اور انہوں نے گرفتاری سے بچنے کے لیے پیشگی ضمانت کی عرضی داخل کی تھی، جس پر آج سماعت کی گئی۔ سماعت کے دوران امانت اللہ خان کے وکیل نے کہا کہ وہ تحقیقات میں شامل ہونے کے لیے تیار ہیں۔ اس پر عدالت نے کہا کہ امانت اللہ خان سے جامعہ نگر تھانہ میں ایسے مقام پر پوچھ گچھ کی جائے جہاں پر سی سی ٹی وی کیمرے نصب ہوں۔ یاد رہے کہ دہلی پولیس نے جامعہ نگر میں پولیس کی ٹیم پر مبینہ طور پر حملہ کرنے کے الزام میں اوکھلا کے رکن اسمبلی کے خلاف ایف آئی آر درج کی تھی۔ پولیس نے کہا کہ رکن اسمبلی کی قیادت میں آنے والے ہجوم نے اقدامِ قتل کے ایک معاملہ میں ملزم شہباز خان کی حراست فرار ہونے میں مدد کی۔






# مسلم پرسنل لا بورڈ وقف بل پر برہم، ہم آخر تک لڑیں گے

### بل کے خلاف ملک گیر مہم چلانے کا انتباہ، یہ صرف ہمارے حقوق کی جنگ ہے، یہ حکومت کے خلاف لڑائی ہے: مولانا خالد سیف اللہ رحمانی



خالد سیف اللہ رحمانی نے کہا کہ یہ کہنا فضول ہے کہ پورا ملک ایک دن وقف ہو جائے گا۔ یہ سب حکومت کی طرف سے پھیلایا جا رہا ہے۔ وقف کی ہماری لڑائی میں ہندوؤں اور مسلمانوں کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ یہ صرف ہمارے حقوق کی جنگ ہے۔ یہ حکومت کے خلاف لڑائی ہے۔ ہمیں یہ بھی امید ہے کہ تمام انصاف پسند ہندو ہمارا ساتھ دیں گے۔

نئی دہلی۔ وقف ترمیمی بل کو پارلیمنٹ میں پیش کیے جانے کو بدقسمت فعل قرار دیتے ہوئے آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے صدر مولانا خالد سیف اللہ رحمانی نے کہا کہ یہ بل صرف مسلمانوں کا مسئلہ نہیں بلکہ آئین کی خلاف ورزی کا مسئلہ ہے اور مسلم پرسنل لا بورڈ وقف ترمیمی بل کے خلاف قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے ملک گیر مہم چلائے گا۔ آج یہاں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وقف کے بارے میں بہت سی باتیں سامنے آئی ہیں جن میں کچھ اچھی ہیں لیکن جھوٹی باتیں زیادہ پھیلائی گئی ہیں جیسا کہ جس زمین پر وقف بورڈ ہاتھ رکھ دیتا ہے وہ اسی کی ہو جاتی ہے جب کہ ایسا بالکل نہیں ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وقف ترمیمی بل مذہبی تفریق پر مبنی ہے کیوں کہ صرف مسلمانوں کے وقف کے ساتھ ایسا کیا جا رہا ہے۔ جب کہ ہندو، سکھ اور عیسائی کے مذہبی ادارے انہی کے لوگ چلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے آج وقف ترمیمی بل راجیہ سبھا میں بھی پیش کیا گیا۔ حکمران جماعت، اس کے اتحادیوں اور پارلیمنٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی نے اس معاملے میں ہندوستانی مسلمانوں کے خیالات اور آراء کو مسلسل نظر انداز کرتے ہوئے جس طرح سے اپنی من مانی تجویز پارلیمنٹ میں پیش کی ہے وہ انتہائی قابل مذمت اور ہندوستانی مسلمانوں، اقلیتوں اور تمام انصاف پسند لوگوں کے لیے ناقابل قبول ہے اور ہم اسے مسترد کرتے ہیں۔ ہمارا ماننا ہے کہ حکومت کے پاس اب بھی ایک موقع ہے کہ وہ ذمہ داری سے کام کرے اور اس ترمیمی بل کو واپس لے کر سب کا ساتھ، سب کا وکاس" کے نعرے کو نافذ کرے جس کا مقصد وقف املاک کو مکمل طور پر تباہ کرنا اور مسلمانوں کو ان کی مساجد، عیدگاہوں، مدارس، درگاہوں اور قبرستانوں سے محروم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے مسلمانوں، مذہبی اور قومی تنظیموں، بڑے دینی مدارس اور زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے علماء نے اسٹینڈنگ کمیٹی سے ملاقات کی اور تقریباً 5 کروڑ مسلمانوں نے ای میل کے ذریعے بل کے خلاف سخت اور منطقی طور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ظاہر ہے کہ ایسے معاملات اور مسائل میں متعلقہ گروہوں (اسٹیک ہولڈرز) کی رائے کو خاص اہمیت حاصل ہے اور یہ ایک جمہوری توقع بھی ہے، لیکن اسے یکسر نظر انداز کر دیا گیا۔ یہ حقیقت ہے کہ مسلمانوں سے متعلق تمام معاملات میں موجودہ حکومت کا رویہ انتہائی متعصبانہ، متعصبانہ اور دشمنی پر مبنی ہے جو نہ صرف غیر ذمہ دارانہ ہے بلکہ آئینی اقدار اور تحفظات کے بھی منافی ہے۔ ہم تمام اپوزیشن سیاسی جماعتوں اور بی جے پی کے اتحادیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ اس بل کو کسی بھی حالت میں پارلیمنٹ سے منظور نہ ہونے دیں۔ اسی طرح ہم ملک کی سول سوسائٹی اور تمام انصاف پسند، جمہوریت کے حامی، آئینی، مذہبی اور ثقافتی آزادی اور تنوع کے ماننے والے شہریوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس ظالمانہ اور جابرانہ بل کو کبھی منظور نہ ہونے دیں۔ اگر آج یہ امتیازی بل منظور ہو گیا تو مستقبل میں وقف املاک، عبادت گاہیں اور دیگر طبقات اور گروہوں کے فلاحی ادارے بھی اس جابرانہ رویہ کے چنگل سے نہیں بچ سکیں گے۔

# حکومت مسلمانوں کو تباہ کرنے کے لیے وقف بل لائی ہے

### عمران مسعود نے رپورٹ کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیا، حکومت مسلمانوں سے مسجد، قبرستان اور درگاہ چھیننے کے لیے یہ بل لائی ہے: اویسی



نئی دہلی: وقف بل پر جے پی سی کی رپورٹ راجیہ سبھا میں زبردست ہنگامہ کے درمیان پیش کی گئی، کانگریس نے اسے غیر آئینی بتایا، ایس پی نے اس کی مخالفت کا اعلان کیا ہے۔ اسد الدین اویسی نے اس معاملے پر اسپیکر اوم برلا سے ملاقات کی ہے۔ جگدمبیکا پال کی سربراہی میں مشترکہ پارلیمانی کمیٹی (جے پی سی) کی رپورٹ آج لوک سبھا میں پیش کی گئی۔ اس پر اے آئی ایم آئی ایم کے سربراہ اسد الدین اویسی نے کہا کہ یہ وقف بل مسلمانوں کو تباہ کرنے کے لیے لایا جا رہا ہے۔ یہ غیر آئینی ہے، حکومت مسلمانوں کو ان کی عبادت سے دور کرنے کے لیے یہ بل لا رہی ہے۔ اویسی نے کہا حکومت مسلمانوں کو ان کی عبادت سے دور کرنے کے لیے یہ بل لا رہی ہے۔ جن لوگوں کا بل سے کوئی تعلق نہیں تھا انہیں اس بل پر بحث کے لیے بلایا گیا تھا۔ حکومت مسلمانوں سے مسجد، قبرستان اور درگاہ چھیننے کے لیے یہ بل لائی ہے۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ عمران مسعود نے جے پی سی کی اس رپورٹ پر مودی حکومت کو سخت نشانہ بنایا۔ عمران مسعود نے رپورٹ کو جھوٹ کا پلندہ قرار دیا۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ عمران مسعود نے مودی حکومت پر حملہ کرتے ہوئے کہا، اگر آپ پسماندہ مسلمانوں کی بات کریں تو 99 فیصد مسلمان پسماندہ ہیں، مسلمان ہی تو غریب ہیں۔ کانگریس ایم پی نے کہا، حکومت وقف املاک پر قبضہ کرنے کے لیے قانون بنا رہی ہے نہ کہ اسے بچانے کے لیے۔ 2013 میں یو پی اے کے دور حکومت میں بنائے گئے قوانین وقف کے تحفظ کے لیے تھے۔ مودی سرکار نے اس پر کچھ نہیں کیا۔ اب وہ پورے قانون کو بدل رہے ہیں۔ حکومت تمام وقف املاک کو تباہ کرنا چاہتی ہے۔ لوک سبھا میں وقف بل پر جے پی سی کی رپورٹ پیش کرنے کے بارے میں سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ اودھیش پرساد نے کہا کہ اس بل کے بارے میں اپوزیشن کی تجاویز کو پوری طرح نظر انداز کر دیا گیا۔ یہ بل ملک کے اہم مسائل سے توجہ ہٹانے کے لیے پیش کیا گیا ہے۔ ہم نے نہ صرف اس بل کی مخالفت کی ہے بلکہ اس کا بائیکاٹ بھی کیا ہے اور ہم اسے کسی صورت منظور نہیں ہونے دیں گے۔

# امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف: مختصر تعارف

مولانا سید علی ہاشم عابدی



منجی عالم بشریت، قطب عالم امکان، لنگر زمین و زمان، صاحب الزمان، خاتم الاوصیاء حضرت بقیۃ اللہ قائم المنتظر امام مہدی صلوٰۃ اللہ و سلامہ علیہ وعلیٰ آباۂ الطاہرین وعجل اللہ فرجہ الشریف ہمارے بارہویں اور آخری امام ہیں۔ آپؑ کے والد ماجد امام حسن عسکری علیہ السلام اور والدہ ماجدہ جناب نرجس خاتون سلام اللہ علیہا ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری وصی اور جانشین کا نام وہی ہے جو آپ کا نام ہے اور کنیت بھی وہی ہے جو آپؐ کی کنیت ہے یعنی ابوالقاسم، نیز امام زمانہؑ کی ایک کنیت ابا صالح بھی ذکر ہوئی ہے۔ کتابوں میں آپؑ کے 180 سے زیادہ القاب بیان ہوئے ہیں جنمیں مہدی، خاتم، منتظر، حجت، صاحب الامر، صاحب الزمان، قائم اور خلف صالح وغیرہ شامل ہیں۔

غیبت صغریٰ میں چاہنے والے اور شیعہ آپؑ کو "ناحیہ مقدسہ" کے لقب سے یاد کرتے تھے۔

امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف کے ظہور اور قیام کو صرف شیعہ ہی نہیں بلکہ اہل سنت بھی مانتے ہیں۔ حتیٰ غیر مسلم بھی یہ مانتے ہیں کہ آخری زمانے میں جب دنیا ظلم وجور سے بھر جائے گی تو انسانیت کو نجات دلانے والا ایک منجی آئے گا۔

جیسے کتاب تورات میں اشعیای نبی فصل 11 میں ذکر ہوا ہے کہ "وہ مسکینوں میں عدالت سے فیصلے کرے گا اور مظلومین کے حق میں حکم کرے گا۔۔۔ بھیڑیا اور بھیڑ اکٹھے زندگی بسر کریں گے اور چیتا، بچھڑے کے ساتھ سوئے گا اور چھوٹے بچے شیر سے کھیلا کریں گے، وہ مقدس پہاڑ میں ضرر و فساد نہیں کریں گے کیونکہ دنیا معرفت خداوند سے بھر جائے گی۔"

کتاب عہد عتیق، تاب مزامیر، مزمور 37 میں ایسا ذکر ہوا ہے کہ "کیونکہ شیطان صفت انسان ختم ہو جائیں گے اور خداوند کے منتظر، زمین کے وارث ہو جائیں گے، بے شک تھوڑی مدت کے بعد ظالم باقی نہیں رہیں گے، انکی جگہ کے بارے میں غور کرو گے تو وہ وہاں نہیں ہوں گے، بہر حال حلیم اور نیک لوگ زمین کے وارث ہوں گے اور وہ قیامت تک وارث رہیں گے۔"

قرآن کریم نے بھی اسی جانب اشارہ کیا ہے۔

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُورِ مِن بَعْدِ الذِّكْرِ أَنَّ الْأَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصَّالِحُونَ

(سورہ انبیاء، آیت ۱۰۵)

"اور ہم نے ذکر کے بعد زبور میں بھی لکھدیا ہے کہ ہماری زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہی ہوں گے۔"

کتاب انجیل لوقا، فصل 12 میں ذکر ہوا ہے کہ "اپنی کمر کس کر چراغوں کو جلائے رکھنا اور تم ان لوگوں کی طرح رہو کہ جو اپنے آقا و سردار کا انتظار کرتے ہیں کہ وہ شادی سے کس وقت واپس آئیں گے، تا کہ وہ جب بھی آ کر دروازے پر دستک دیں تو تم فوراً انکے لئے دروازے کو کھول دو، خوش قسمت ہیں وہ خادم وغلام کہ جب انکے آقا و سرادر آئیں تو وہ انکو بیدار و تیار پائیں، پس تم بھی تیار رہو کیونکہ تمہارے گمان میں بھی نہیں ہوگا کہ انسان کا بیٹا کب آئے گا۔"

اسی طرح اہل سنت کی کتب صحاح ستہ میں بھی امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف کا تذکرہ ہے۔

**افضل العبادة انتظار الفرج**

سب سے افضل عبادت انتظار فرج ہے۔ (سنن ترمذی، جلد5، صفحہ 528)

کتب اہل سنت میں ظہور کے حتمی ہونے کا بھی ذکر ہوا ہے۔

"اگر دنیا کے ختم ہونے میں صرف ایک دن باقی رہ گیا ہو تو خداوند اس دن کو اتنا طولانی کرے گا تا کہ میرے اہل بیت میں سے ایک میرا ہمنام شخص مبعوث ہوگا جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے کہ وہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی۔" (سنن ترمذی، جلد4، صفحہ 438)

"دنیا ختم نہیں ہوگی جب تک میرے اہل بیت میں سے ایک شخص عرب پر حکومت نہ کرلے کہ وہ شخص میرا ہمنام ہوگا۔" (سنن ترمذی، جلد4، صفحہ 438)

"اگر دنیا کے ختم ہونے میں صرف ایک دن باقی رہ گیا ہو تو خداوند اس دن کو اتنا طولانی کرے گا تا کہ میرے اہل بیت میں سے ایک میرا ہمنام شخص مبعوث ہوگا کہ جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر دے گا جیسے کہ وہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی۔" (سنن ابی داؤد، جلد4، صفحہ 106)

**المهديّ منّا أهل البيت**

"مہدیؑ ہم اہلبیت میں سے ہیں۔" (سنن ابن ماجہ، جلد2، صفحہ 1367)

اس روایت سے واضح ہے کہ اہل سنت بھی مانتے ہیں کہ امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف اہلبیت میں سے ہیں۔

**المهدي من ولد فاطمه**

"مہدیؑ نسل فاطمہؑ سے ہوں گے۔" (سنن ابن ماجہ، جلد2، صفحہ 1368)

**المهديّ من عترتي من ولد فاطمه**

"مہدی میری عترت اور اولاد فاطمہ میں سے ہیں" (سنن ابی داود، کتاب المہدیؑ، ح4284)

مذکورہ روایتوں سے واضح ہے کہ امام مہدیؑ کا تعلق اہلبیت رسولؐ اور نسل بتولؑ سے ہے۔

المختصر شیعہ وسنی سب مانتے ہیں کہ امام مہدی علیہ السلام ظہور کریں گے، آپ نسل رسولؐ و بتولؑ سے ہوں گے۔ نیز یہ بھی مانتے ہیں کہ امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف کے ظہور کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول فرمائیں گے۔

**كيف انتم اذا انزل ابن مريم فيكم وامامكم منكم**

"رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب مریم کا بیٹا تم میں نازل ہوگا اور تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔" (صحیح بخاری، جلد 4، صفحہ 205)

"پھر عیسیٰ ابن مریم نازل ہوں گے، انکا سردار ان سے کہے گا: آئیں اور ہمیں نماز پڑھائیں (یعنی امام جماعت بنیں) وہ کہیں گے: نہیں، تم میں سے بعض ایک دوسرے پر امیر و حاکم ہیں کیونکہ خداوند نے اس امت کو محترم بنایا ہے۔" (صحیح مسلم، جلد1، کتاب الایمان، باب 71، صفحہ 137، سنن ابن ماجہ، جلد2، صفحہ 1361)

لیکن اختلاف صرف اس بات میں ہے کہ دیگر مکاتب فکر کے لوگوں کا ماننا ہے کہ امام مہدیؑ ابھی پیدا نہیں ہوئے، وہ آخری زمانے میں پیدا ہوں گے، امام حسن علیہ السلام کی نسل کے سید ہوں گے، ان کے والد کا نام عبداللہ ہوگا۔ لیکن ہم شیعوں کا عقیدہ ہے کہ ہمارے ولی و وارث امام مہدی علیہ السلام 15 رشعبان المعظم سن 255 ہجری کو سامرا میں پیدا ہو چکے ہیں۔ جیسا کہ جناب شیخ صدوقؒ نے اپنی کتاب کمال الدین، جلد2، باب 42 میں، جناب شیخ طوسیؒ نے اپنی کتاب الغیبہ صفحہ 238 میں مرقوم فرمایا کہ امام حسن عسکری علیہ السلام کی پھوپھی جناب حکیمہ سلام اللہ علیہا نے فرمایا:

"امام حسن عسکریؑ نے مجھ [حکیمہ خاتون] کو بلوا کر فرمایا: پھوپھی جان! آج آپ ہمارے یہاں قیام کریں کیونکہ نیمہ شعبان (پندرہ شعبان) کی شب ہے اور خداوند متعال آج رات اپنی حجت کو جو روئے زمین پر اس کی حجت ہے ظاہر فرمائے گا۔ میں نے عرض کیا: ان کی ماں کون ہے؟ فرمایا: نرجس خاتون، میں نے عرض کیا: میں آپ پر قربان ہو جاؤں، ان میں حمل کا کوئی اثر نہیں ہے۔ فرمایا: بات وہی ہے جو میں آپ سے کہہ رہا ہوں۔

جناب حکیمہ کا بیان ہے کہ میں آئی، سلام کیا اور بیٹھ گئی تو نرجس آئیں اور میری جوتیاں اٹھائیں اور مجھ سے کہا: اے میری سیدہ اور میرے خاندان کی سیدہ! آپ کا کیا حال ہے؟ میں نے کہا: تم میری اور میرے خاندان کی سیدہ ہو۔ نرجس میرے اس کلام سے ناراض ہوئیں اور کہنے لگیں: پھوپھی جان! یہ کیا بات ہوئی؟ میں نے کہا: میری بیٹی! خداوند متعال تمہیں ایسا فرزند عطا کرے گا جو دنیا اور آخرت کا سید و سردار ہے۔ نرجس شرما گئیں اور حیا کر گئیں۔ میں نے نماز ادا کی۔ روزہ افطار کیا اور اپنے بستر پر لیٹ گئی۔ آدھی رات کو نماز شب کے لئے اٹھی اور نماز پڑھ لی؛ اس وقت نرجس سو رہی تھیں۔ میں نماز کے بعد کے اعمال کے لئے بیٹھ گئی اور پھر سو گئی اور خوفزدہ ہو کر جاگ اٹھی؛ وہ ابھی سو رہی تھیں؛ چنانچہ اٹھیں اور نماز شب پڑھ کر سو گئیں۔

جناب حکیمہ فرماتی ہیں کہ میں باہر آئی اور فجر کی تلاش میں آسمان کی طرف دیکھا تو فجر اول طلوع ہو چکی تھی اور وہ ابھی سو رہی تھیں، میرے دل میں شک پیدا ہوا کہ اچانک امام حسن عسکری علیہ السلام نے اپنے حجرہ سے آواز دی کہ پھوپھی جان! عجلت سے کام نہ لیں، کیونکہ امر قریب ہو چکا ہے۔ یہ سنتا تھا کہ میں بیٹھ گئی اور سورہ سجدہ اور سورہ یس کی تلاوت میں مصروف ہو گئی کہ اچانک جناب نرجس خاتون ہراساں ہو کر اٹھیں اور میں فوراً ان کے پاس پہنچی اور ان سے کہا: آپ پر اللہ کی رحمت ہو، کیا کچھ محسوس ہو رہا ہے؟ کہنے لگیں: پھوپھی جان! ہاں محسوس کر رہی ہوں۔ میں نے کہا: خود پر قابو کریں اور دل مضبوط رکھیں کیونکہ وہی ہونے جا رہا ہے جو میں نے کہا تھا۔ جناب حکیمہ کہتی ہیں: مجھ پر بھی اور نرجس پر بھی ضعف طاری ہوا اور اپنے سید و سردار (امام عسکریؑ) کی آواز پر میری جان میں جان آئی اور کپڑا ان کے چہرے سے اٹھایا اور اچانک میں نے اپنے سید و سرور (امام مہدیؑ) کو دیکھا جو حالت سجدہ میں تھے اور آپ کے ساتوں اعضائے سجدہ زمین پر تھے۔ میں نے آپؑ کو آغوش میں لیا تو دیکھا کہ پاک و پاکیزہ ہیں۔

امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: پھوپھی جان! میرے فرزند کو میرے پاس لائیں، میں آپؑ کو امامؑ کے پاس لے گئی؛ امامؑ نے اپنے پاؤں کو پھیلایا اور فرزند کو پاؤں کے درمیان قرار دیا اور آپؑ کے پیروں کو اپنے سینے پر رکھا اور پھر اپنی زبان مبارک ان کے منہ میں رکھ دی اور اپنا ایک ہاتھ آپؑ کی آنکھوں، کانوں اور بدن کے جوڑوں پر پھیرا اور فرمایا: اے میرے نور نظر بولو تو امام مہدیؑ نے فرمایا: **أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ۔ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّداً رَسُولُ اللّٰهِ** اس کے بعد امیر المومنین علیہ السلام سے لے کر امام حسن عسکری علیہ السلام تک ہر امام پر صلوات پڑھی۔

حضرت امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف پانچ سال اپنے والد ماجد کے زیر سایہ پروان چڑھے اور اس مدت میں امام حسن عسکری علیہ السلام نے خاص لوگوں کو آپؑ کی زیارت کرائی۔ جب 8 ربیع الاول سن 260 ہجری کو امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت ہوئی تو امامت کی ذمہ داری آپؑ پر آئی۔

سن 260 ہجری سے 15 رشعبان سن 329 ہجری تک غیبت صغریٰ ہوئی جنمیں یکے بعد دیگرے چار نائب خاص نے آپؑ کی نیابت فرمائی اور اس کے بعد سے اب تک غیبت کبریٰ کا زمانہ ہے اور جب حکم خدا ہوگا تو آپؑ ظہور فرمائیں گے۔

خدایا! امام زمانہؑ کے ظہور میں تعجیل فرما۔ آمین

## منقبت

مہدی باقر خان

بہت قریب سے اور بے نقاب دیکھیں گے
اس اہتمام سے ہم ماہتاب دیکھیں گے
وہی ہے خواب وہ تعبیر وہ ہی بینائی
بغیر اسکے بھلا کیسے خواب دیکھیں گے
غم فراق کے اشکوں نے یہ خبر دی ہے
ہم ایک روز اسے بے حجاب دیکھیں گے
اب اور دیر لگائی جو اس نے آنے میں
تو غیر بھی مرا حال خراب دیکھیں گے
ابھی تو چاروں طرف صرف خار بکھرے ہیں
ہم اسکے آنے سے ہر سو گلاب دیکھیں گے
سو اسکے آنے پہ ہوگا کہ کل جہاں والے
پھر ایک بار غدیری خطاب دیکھیں گے
نظر ملاتے ہی اُس رشکِ یوسفِ حق سے
ضعیف خود کو بحال شباب دیکھیں گے
سو ہوگا یوں کہ بصد شوق حضرت عیسیٰ
جناب خضر کو بھی ہمرکاب دیکھیں گے
علی کے بعد جہاں والے شکل مہدی میں
نبی کے شہر کا اک اور باب دیکھیں گے
کہیں کہیں کبھی بدلاؤ ہم نے دیکھے ہیں
اب اسکے آنے سے ہم انقلاب دیکھیں گے

نئی دھلی

# خدا کرے کہ ظہور امام العصر ہو جائے

ڈاکٹر شجاعت حسین



امام زمانہ عج کے بارے میں کچھ تحریر کرنا بڑی اہمیت کے حامل ہے اور باعث سکون قلب بھی۔ اس کا اسلام، مسلمان، ایمان اور انسان سے گہرا ربط ہے۔ حضرت امام العصر عج ایک حقیقت ہیں۔ آپ عج کا تذکرہ دراصل اسلام اور قرآن کی نشر و اشاعت ہے۔ یہ ایک ایسا اہم نکتہ ہے جس کے بارے میں قرآن کریم نے بشارت دی ہے۔ حبیب اللہ، تاجدار انبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس سلسلے میں بہت سے مقامات پر بہت سے مناسبتوں سے بیان فرمایا ہے اور ان مہ معصومین علیہم السلام نے ساری امت کو المنتظر عج موعود کی بشارت دی۔ علمائے حدیث، تفسیر و تاریخ نے ان کے بارے میں کتابیں لکھیں اور غیبت و ظہور کو ایک خاص مقام دیا۔ امام زمانہ کی معرفت لازمی ورنہ جہالت کی موت قرار دیا جائے گا۔

اس موضوع کی وسعت کے پیش نظر مجھے اپنی کم علمی اور قلت اطلاع کا اعتراف ہے۔ لیکن میں چاہتا ہوں کہ میرا نام بھی ان علماء کرام کی فہرست میں درج ہو جائے کہ جنھوں نے اس ذات عالی صفات کے بارے میں قربتہ الی اللہ لکھا تا کہ میں بھی اپنے اسلامی فریضے کو اپنی استطاعت کے مطابق بجا لاسکوں۔ خدا وند عالم مجھکو ہدایت دے، وہ نیت کو خوب جاننے والا ہے۔

پوری دنیا میں حضرت امام مہدی، حجتہ اللہ، خلف الصالح، صاحب العصر، صاحب الامر، والزمان القائم، الباقی اور المنتظر کی 1191 ویں یوم ولادت باسعادت منائی جا رہی ہے۔ وہ وقت نہایت قریب ہے جب غیبت کے بادلوں سے نور نگاہ حضرت زہرا سلام اللہ علیہا، آفتاب امامت و ہدایت، وارث رسالت و نبوت حضرت امام مہدی (عج) کا ظہور پُرنور ہوگا۔ امام زمانہ کی آمد سے دنیا عدل وانصاف کا گہوارہ ہو جائے گا۔

فی الحال پُرآشوب ماحول عیاں ہے۔ دنیا لہو لہان ہے۔ انسانیت سسک و بلک رہی ہے۔ انسان ظلم و جور، تشدد، بربریت وتشدد کا شکار ہو رہا ہے۔ حیوانیت عام لوگوں پر مسلط ہے۔ دہشت گردی مکار وفریبی حکومتوں کا اسلحہ ہے ومنصوبہ کے طور پر انسانیت کے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے۔ امن پسند حکومتوں و ملکوں کے خلاف شازشیں رچی جا رہی ہیں۔ صیہونیوں کے ظلم کے خلاف عرب حکمرانوں کی خاموشی ہے۔

عورتوں کی بے حجابی و بے پردگی سنگین مسئلہ ہے۔ عصمتیں غیر محفوظ ہیں۔ مردوں کی غیرت نیلام ہو چکی ہے۔ رشتے دار رشتے داروں کے خون کے پیاسے ہیں۔ غریب و کمزور کے حق غصب کئے جا رہے ہیں۔ وقف جائیداد کی لوٹ اور کم قیمت پر فروخت کی جا رہی ہیں، اس کے خلاف آواز بلند کرنے والوں کو غلط اور جھوٹے مقدمے میں گرفتاری کا سامنا ہے، انسانی حقوق کی پامالی عام ہے۔ اکثریت غربت کی شکار اور بے بسی میں مقید ہے۔ ظالم حکومتیں دوسرے ملکوں کو تباہ و برباد کر رہے ہیں۔ ظالمین کے خلاف آواز کا ناتواں ہونا، ضمیر کا گروی ہونا، قلم اور فکر کا فروخت ہو جانا، حلال وحرام میں فرق ختم ہو جانا، بے حسی کا شکار ہے۔ خوف خدا نظر نہیں آ رہا ہے۔ بندگی کی عبادت ہو رہی ہے۔ جھوٹ کو ہنر سمجھا جا رہا ہے۔ بے ایمانی کو کامیابی کا ذریعہ سمجھا جا رہا ہے۔ بے حیائی اور بے شرمی کو ترجیح دی جا رہی ہے۔

جہالت سے غیر متوجہ ہیں۔ عبادت سے غفلت ہے۔ منصب پر مغرور ہے۔ دولت پر غرور ہے۔ نوجوان نسلیں گمراہی کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ بزرگوں کی نصیحت گراں گزرتی ہے۔ کچھ علماء و ذاکرین امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی پیروی کرتے نظر نہیں آ رہے ہیں اور زیادہ تر بچے اپنے والدین کی خدمت کو اپنی ذمہ داری نہیں سمجھ رہے ہیں حالانکہ اس حقیقت سے بھی بخوبی واقفیت ہے کہ امام زمانہ کا ظہور ذوالفقار کے ساتھ ہوگا۔

لاریب دور حاضر میں اگر کوئی قوم سب سے زیادہ مسائل میں مبتلا اور مصائب میں گرفتار ہے تو وہ امت مسلمہ ہے۔ چنانچہ خود امام زمان کا فرمان ہے: "میری تعجیل فرج کے لیے دعا کرو اس میں تمھارے لیے آسائش و آرام کا سامان ہے۔"

اَللّٰھُمَّ اکْشِفْ ھٰذِہِ الْغُمَّۃَ عَنْ ھٰذِہِ الْاُمَّۃِ بِظُھُوْرِہٖ

اے اللہ! حضرت حجت کے ظہور کے ذریعے سے اس اُمت کی پریشانیاں حل فرما۔"

مورخین کا اتفاق ہے کہ آپ کی ولادت باسعادت 15 رشعبان المعظم 255 ہجری یوم جمعہ بوقت طلوع فجر، سامراء (عراق) میں واقع ہوئی اور انگریزی کیلنڈر کے اعداد و شمار کے مطابق 869 عیسوی میں ولادت ہوئی۔ (وفیات الاعیان، روضۃ الاحباب، تاریخ ابن الوردی، تاریخ کامل طبری، کشف الغمہ، اصول کافی، نور الابصار اور ارشاد وغیرہ)۔



معزز قارئین کرام کے لیے امام عصر عجل اللہ تعالیٰ الفرجہ الشریف کی خصوصیات جیسے بلند اخلاق، علوم کی وسعت، زہد، صبر، شجاعت، سخاوت، عدل، انصاف، حق میں پائیداری، عبادت، اصحاب وانصار کا ہر شخص جو آپ عج کے لیے اپنے قلب میں مودت رکھتا ہے اور پہچانتا ہے فرض ہے کہ ان خصوصیات کا مطالعہ کرے۔

راقم الحروف ہزاروں اوراق گردانی کے بعد یہ تحقیق اور نتیجے تک نہیں پہنچ سکا کہ آخر 313 کے عدد میں کیا راز و نیاز ہے؟ جنگ بدر میں رسولؐ خدا کے اصحاب 313 تھے۔ بعض روایات کے مطابق امام حسینؑ کے ہمراہ کربلا میں شہید ہونے والوں کی تعداد بھی 313 تھی۔ اسی طرح امام المنتظر عج کے مخصوص اصحاب بھی 313 ہوں گے۔ یہ اس وقت زمین پر سب سے زیادہ نیک ہوں گے اور ان میں تمام مطلوبہ صلاحیتیں موجود ہوں گی اور وہ اپنی تمام سرگرمیاں امام العصر عج کی قیادت، ارشادات اور تعلیمات کے تحت انجام دیں گے۔ یہ دنیا کے مختلف گوشوں سے اور مختلف علاقوں اور قبائل سے خدا کے منتخب کردہ بندے ہوں گے۔ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے خطبۃ البیان میں ان لوگوں کے نام اور ان کے علاقوں کے نام موجود ہیں۔ (آیت اللہ سید کاظم قزوینی، امام مہدیؑ ولادت سے ظہور تک، صفحہ نمبر 329)

ہر صاحب عقل اس کا اقرار کرے گا جبکہ صادق و مصدق نبی ﷺ کا یہ قول بھی گواہ ہے "جو بھی اپنے زمانے کے امام کی معرفت کے بغیر مر گیا وہ جاہلیت کی موت مرا ہے" اس بات کی طرف خصوصی توجہ رہے کہ ایک زندہ امام کی موجودگی کا احساس عقیدۂ مذہب کو ایسی بے نیازی اور حیات جاوداں عطا کرتا ہے کہ جو صاحبان عقل و بصیرت سے مخفی نہیں ہے۔

لفظ مہدی کی تعبیر میں یہ نکتہ بھی پوشیدہ تھا کہ وہ ایسا ہادی ہوگا جو اپنی رہنمائی میں کسی کا محتاج نہ ہوگا بلکہ اسے پروردگار عالم کی طرف سے ہدایت حاصل ہوگی اور وہ دنیا کی ہدایت کا فرض انجام دے گا۔

امام العصر عج کی عظمت ان باتوں سے لگایا جا سکتا ہے کہ قرآن کریم میں امام زمانہ عج کے متعلق بشارتیں موجود ہیں۔ امام مہدی عج کے بارے میں رسول اکرم ص سے مروی احادیث پاک کافی تعداد میں ہیں۔ رسول خدا ص انھیں بارہ ان مہ علیہم السلام میں ایک امام ع کے عنوان سے پیش کرتے ہیں۔ کبھی انھیں اولاد فاطمہ ع سے بتاتے ہیں اور کبھی خبر دیتے ہیں کہ امام حسین ع کی صلب سے نویں بیٹے اور امام ہوں گے۔

امام مہدی عج کے متعلق ان مہ طاہرین ع کی احادیث میں بھی بشارتیں ہیں۔ احادیث کی بڑی کتابوں میں ایسی ایسی بہت سی روایات ملتی ہیں جن میں امام مہدی عج کے بارے میں بشارت دی گئی ہیں اور ان مہ اہلبیت علیہم السلام سے وارد ہوئی ہیں۔

جب راقم الحروف احادیث ان مہ کی بڑی و مستند کتابوں کی طرف رجوع کرتا ہے تو ہر امام ع کی امام مہدی عج کے متعلق بشارتیں ملتی ہیں اور ہر امام ع کا اس بارے میں خبر دینے کا مقصد یہ بتانا ہے کہ امام عج، غیبت، ظہور، عدل، انصاف، ظلم و ناانصافی، یہ موضوع کتنا اہم ہے۔

جس طرح حضرت امیر المومنین ع نے بعض دیگر حوادث کے بارے میں خبر دی ہے اسی طرح امام مہدی عج کے بارے میں بھی بتایا ہے۔ امام حسن علیہ السلام نے امام قائ م عج کے بارے میں بشارت و خوش خبری سنائی ہے۔ امام حسین علیہ السلام نے بشارت دی کہ "اگر میرا مہدی لوگوں کے پاس آن یں گے تو لوگ ان کا انکار کریں گے کیونکہ وہ ان کی طرف چالیس سال کے نوجوان ہو کر آن یں گے جب کہ لوگ سمجھتے ہوں گے کہ امام زمانہ عج تو بوڑھے ہیں۔" امام حسین ع نے آگے فرمایا کہ ہم میں بارہ مہدی ع ہیں۔

امام قائ م عجل اللہ وتعالیٰ فرجہ الشریف کی خوشخبری سنانے والوں میں امام زین العابدین ع بھی ہیں۔ آپ ع نے فرمایا "ہم میں سے اس امت کا مہدی ہے۔"

کتب تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ امام محمد باقر ع نے بشارت کے سلسلے میں فرمایا "میرے ماں باپ ان پر فدا، وہ زمین کو عدل وانصاف سے یوں بھر دیں گے جیسے وہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی"۔ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا "وہ میرے بیٹے موسیٰ کاظم کے پانچویں بیٹے ہیں۔

حضرت موسیٰؑ کاظم ع نے امام قائ م عج کے بارے میں فرمایا "نعمت ظاہری امام ظاہر ہے اور نعمت باطنی امام غائب ہے۔ وہ ہماری آنکھوں سے غائ ب ہوں گے لیکن مومنوں کے دلوں میں ان کی یاد ختم نہ ہوگی۔"

حضرت علی رضا ع نے بشارت دی ہیں "اے دعبل! وہ میرے بعد امام ہیں۔ میرے فرزند محمد ع ہیں، محمد ع کے بعد ان کے فرزند علی ع ہیں، ان کے بعد ان کے فرزند حسن ع اور ان کے بعد ان کے فرزند حجت ہیں۔ وہ قائ م ہیں، ان کے زمانہ غیبت میں ان کا انتظار کیا جائے گا۔ ظہور کے بعد ان کی اطاعت کی جائے گی"۔

حضرت امام محمد تقی ع اور حضرت امام علی نقی ع نے بھی امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف کے بارے میں بشارت دیں۔ امام حسن عسکری علیہ السلام نے اپنے فرزند کی ولادت کو پوشیدہ رکھا ورنہ قاتل بنو امیہ ملعون انھیں قتل کر دیتے کیونکہ آپ عج کی حکومت کی باتیں ہر سمت پھیل چکی تھیں۔ لہٰذا آپ ع خاموش رہتے اور ان کی ولادت کو ہر ایک سے پوشیدہ رکھتے۔ امام حسن عسکری علیہ السلام نے اپنے فرزند کی بشارت کے سلسلے میں فرمایا "اس خدا کی حمد کہ جس نے مجھے دنیا سے نہی اٹھایا اور مجھے میرے وارث کی زیارت کرائی جو خلقت و اخلاق میں رسول ص سے دوسرے لوگوں کی نسبت زیادہ ملتا جلتا ہے۔ خدا ان کی غیبت میں ان کی حفاظت کرے گا۔ پھر انھیں ظاہر کرے گا تو وہ زمین کو عدل وانصاف سے یوں بھر دیں گے جیسے وہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی۔"

یہ امام عصرؑ کے منتظرین کے لیے جاننا ضروری ہے کہ ان کا عصر غیبتِ امامؑ میں کیا ذمہ داریاں ہیں؟ امامؑ کی غیبت کبریٰ میں یہ ذمہ داریاں ہیں کہ جدائی اور مظلومیت پر غمگین، انتظار ظہور، معصیت میں گریہ، سرتسلیم خم، ظہور کی باتوں میں عجلت سے پرہیز، امامؑ کی طرف اپنے اموال ہدیہ کرنا، سلامتی امامؑ کے لیے صدقہ دینا، صفات امامؑ کی معرفت حاصل کرنا، اور اللہ پاک سے معرفت امامؑ طلب کریں۔ امام جعفر الصادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ کے لیے دعا پڑھیں اور دعا کریں۔

410 ہجری میں شیخ مفید علیہ الرحمۃ کی طرف امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف کی لکھی گئی ایک توقیع مبارک سے اقتباس۔۔۔۔۔ تم میں سے ہر ایک ایسا کام کرے کہ جو اسے ہماری محبت اور دوستی سے نزدیک کرے اور ایسے کام سے اجتناب کرے کہ جو اسے ہماری ناپسندیدگی اور غضب سے قریب کرے اس لیے کہ ہمارا امر بالکل اچانک آن پہنچے گا کہ جس وقت توبہ و بازگشت کا فائدہ نہ ہوگا اور گناہ سے پشیمانی ہمارے عقاب سے نجات نہیں بخشے گی۔ خداوند تمھیں رشد و ہدایت کا راستہ دکھائے اور اپنی رحمت و توفیق کے وسائل آسانی کے ساتھ فراہم کرے۔ (احتجاج طبرسی، جلد 2، صفحہ 498؛ موعود قرآن، صفحہ 100)

اپنے امام عصرؑ کے اس مبارک پیغام کو 1191 ویں ولادت باسعادت کے پُرنور موقع پر علماء کرام، ذاکرین، اور شعراء کرام منبر، محراب، نذر، نیاز، تقریر و منقبت کے ذریعے زیادہ سے زیادہ پھیلائیں اور کم از کم کسی ایک مومن تک پہنچا کر خوشنودیٔ امامؑ حاصل کریں۔ آخر میں معزز قارئین کرام سے گزارش ہے کہ امامؑ کے خط کے متن کو تدبر و تفکر سے مطالعہ کریں اور آپؑ کے فرمان پر عمل کرتے ہوئے اپنے اندر صفات حمیدہ اور اخلاق کریمہ پیدا کریں!

العجل جو کہتے ہیں آ گئے تو کیا ہوگا
کیا ہے اپنی تیاری پیش ہم کریں گے کیا

علی گڑھ، موبائل 7060888223

